امورِ عالمِ اسلام

محمود احمد غازی

یوگوسلاویا | شیخ حاجی نعیم عبدلیش کو یوگوسلاویا کے چالیس لاکھ مسلمانوں کا دینی قائد منتخب کیا گیا ہے۔ ان کا انتخاب شیخ محمد سلیمان کومورا مرحوم کی جگہ کیا گیا ہے جو گزشتہ دنوں وفات پا گئے تھے۔ ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ شیخ نعیم عبدلیش کو اسلام اور مسلمانوں کی زیادہ سے زیادہ خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

مراکش | مراکش کے شاہ حسن دوم نے روم میں ایک اسلامی مرکز کی تعمیر کے لئے تین لاکھ ڈالر کا عطیہ دیا ہے۔ یہ مرکز روم میں اسلامی تعلیمات کی نشر و اشاعت، اسلامی ثقافت کی نشوونما اور روم میں مقیم مسلمانوں کی خبرگیری کے فرائض انجام دے گا۔

اریٹیریا | ایتھوپیا کے حکمران طبقہ نے اریٹیریا کے پانچ لاکھ سے زائد مسلمان باشندوں کو ان کے گھروں سے نکال دیا ہے۔ یہ لوگ نہایت بے کسی اور بے سروسامانی کے عالم میں جنگلوں اور میدانوں میں پڑے ہوئے ہیں۔ موتمر عالمِ اسلامی کے نائب صدر ڈاکٹر محمد ناصر نے مطالبہ کیا ہے کہ اس اہم مسئلہ پر آئندہ ہونے والی مسلم وزرائے خارجہ کی کانفرنس میں بحث کی جائے۔ ڈاکٹر صاحب کی یہ تجویز بہت مفید ہے، اُمید ہے کہ مُسلم وزرائے خارجہ کی کانفرنس اس اہم مسئلہ پر غور و خوض کر کے اس کا کوئی حل ضرور تلاش کرے گی۔

سعودی عرب | ۱۔ مکہ مکرمہ کے اخبار الندوہ میں ایک مضمون شائع ہُوا ہے جس میں صاحبِ مضمون جناب حامد مطاوع نے بیان کیا ہے کہ مرحوم شاہ فیصل بن عبدالعزیز مکہ مکرمہ میں ایک بہت بڑا اسلامی اشاعت گھر قائم کرنا چاہتے تھے، ان کا پروگرام یہ تھا کہ اس اشاعت گھر سے اسلام اور اسلامی فکر پر ہر وہ کتاب شائع کی جائے جو کسی بھی درجہ میں دنیائے انسانیت کے لئے افادیت کا

کوئی پہلو رکھتی ہو۔ شاہ مرحوم کی یہ آرزو اگرچہ ان کی زندگی میں پایۂ تکمیل تک نہ پہنچ سکی لیکن ہم اُمید رکھتے ہیں کہ ان کے لائق جانشینوں کے عہد میں یہ کام ضرور انجام پائے گا۔

۲۔ جنوبی کیلے فورنیا کے شہر لاس انجلز میں ایک اسلامی مرکز کی ترقی کے لئے سعودی عرب کے حکمران شاہ خالد بن عبدالعزیز نے آٹھ لاکھ ڈالر کی خطیر رقم بطور عطیہ دی ہے۔ اُمید ہے کہ اب یہ مرکز زیادہ بہتر طریقہ سے اپنی اسلامی اور دینی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہو سکے گا۔

گھانا گھانا کے مسلمان طلبہ کی تنظیم نے ایک اسلامی ثقافتی مرکز قائم کیا ہے جو گھانا اور قرب و جوار کے افریقی ممالک میں اسلامی ثقافت کی نشر و اشاعت کا کام کرے گا۔ تنظیم کے سیکریٹری جناب عبدالسلام رضی الدین حمزہ نے دنیا بھر کی اسلامی تنظیموں اور انجمنوں سے درخواست کی ہے کہ وہ اس اہم خدمت کی انجام دہی میں ان کی مدد کریں۔

سری لنکا سری لنکا کے شہر بیرو ویلا میں گذشتہ سال ایک عظیم الشان اسلامی یونیورسٹی قائم کی گئی ہے۔ یہ یونیورسٹی متعدد علمی اور انتظامی شعبوں پر مشتمل ہے۔ تدریسی خدمات کے لئے جامعۂ ازہر، دارالعلوم ندوۃ العلماء اور دوسرے مشہور علمی اداروں کے فضلاء کی خدمات حاصل کی گئی ہیں۔ علاوہ ازیں دو دینی رسالوں کا اجراء بھی کیا گیا ہے جن میں سے ایک تامل اور سنہالی اور دوسرا عربی اور انگریزی زبانوں میں ہے۔ یونیورسٹی کو آئندہ مزید وسعت دینے کا پروگرام ہے جس کے لئے زیادہ سے زیادہ مردانِ کار کی ضرورت ہے۔

امریکہ امریکہ کے شہر شکاگو کے مسلمانوں نے "مجلس اعلیٰ برائے امورِ مسلمانانِ شکاگو" کے نام سے ایک تنظیم قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس تنظیم کے قیام کی تجویز نیویارک میں رابطہ عالمِ اسلامی کے مندوب ڈاکٹر احمد صقر نے پیش کی تھی۔ ہم اس مجلس کی کامیابی و کامرانی کے لئے دعاگو ہیں۔